سوال

(132) بدعتی اور قبر پرست کے پیچھے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نیز کی بدعتی اور قبر پرست امام کے پیچھے نماز جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبر پرست اور بدعتی کو امام مقرر کرنا شرعاً جائز نہیں کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے :

((إِجعلوا أئمتکم خِیَارُکُم، فَإِنَّھُم وَفدُکُم فِیمَا بَینَکُم وَبَینَ رَبِّکُم)) (رواہ الدار قطنی (نیل الاوطار باب ما جاء فی امامة الفاسق ص ۱۸۴ ج ۳)

یعنی نیک اور صحیح عقیدہ والے کو امام بناؤ، کیونکہ وہ اللہ کے دربار میں تمہارا نمائندہ ہے اور مسلمان کا نمائندہ صحیح العقیدہ مسلمان ہی ہوسکتا ہے۔ بدعتی اور قبر پرست نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص430

محدث فتویٰ